© rasailojaraid.com

جانشینِ امیرِ شریعت سید ابو معاویہ ابوذر بخاری رحمہ اللہ

# "لٹ گیا دین خانقاہوں میں"

حسن رسوا ہے شاہراہوں میں — عشق برباد ہے گناہوں میں
دل ہو مسرور جب گناہوں میں — کیا اثر ہوگا اس کی آہوں میں
کب سے کافورِ فطرت انسان — مسخ و پامال ہے سیاہوں میں
بھائیوں کی دراز دستی سے — کتنے یوسف پڑے ہیں چاہوں میں
کتنے عیسیٰ گئے ہیں سولی تک — اپنے نادان خیر خواہوں میں
مسند علم ہوگئی ویراں — لُٹ گیا دین خانقاہوں میں
جس کا تذکار بھی عبادت ہے — ہے وہ محبوب میری باہوں میں
جب سے دیکھا ہے حسنِ سادہ ترا — ہر حسیں ہیچ ہے نگاہوں میں
تیری یاد اور آنسوؤں کی جھڑی — تارے گرتے ہیں تیری راہوں میں
یہ سنا تھا کہ دل ہے تخت ترا — تو انوکھا ہے بادشاہوں میں

راز موتی ہیں تو سمندر ہے
کون پہنچے گا تیری تھاہوں میں؟


## اپنے عطیات اور زکواۃ وصدقات مدرسہ معمورہ ملتان

کو عنایت فرمائیں مدرسہ میں رہائش پذیر طلباء کے اخراجات اور نئی درسگاہوں اور رہائشی کمروں کی تعمیر کے لئے اہل خیر حضرات فوراً توجہ فرمائیں

### ترسیلِ زر کا پتہ

بذریعہ منی آرڈر:۔ سید عطاء المحسن بخاری۔ دارِ بنی ہاشم مہربان کالونی ملتان فون: 511961

بذریعہ بنک:۔ اکاؤنٹ نمبر 29932، حبیب بنک حسین آگاہی ملتان




© rasailojaraid.com